**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

| اہم قومی ومقامی خبریں    مورخہ 11-09-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی بڑا چیلنج ہے، وزیراعظم شہباز شریف | مشرق ودیگر اخبارات |
| 2۔ حکومت سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ سیلابی تباہی سے بچنے کیلئے بڑے ڈیم بنانا ہونگے، آرمی چیف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔ خضدار اور روڈھ میں کیسکو کے منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، وفاقی وزراء | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔ بارش وسیلاب سے پشین میں بھی بہت نقصان ہوا، عبدالواسع | جنگ دیگر اخبارات |
| 6۔ سیلاب زدگان کے نقصانات کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائینگے، اسد بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔ بلوچستان میں سیلاب نے تباہی مچادی ہے، زمرک اچکزئی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 8۔ پولیس نے قیام امن کیلئے جانیں دیں، نور محمد دمڑ | سنچری ودیگر اخبارات |
| 9۔ بلوچستان میں 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ بے گھر ہوچکے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔ پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں دُنیا کے 20 طاقتور ملک ذمہ دار ہیں، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 11۔ سیلاب زدہ علاقوں میں پی ڈی ایم اے فوج اور ایف سی کے تعاون سے ریلیف آپریشن جاری، آئی ایس پی آر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔ فوڈ اتھارٹی کے چھاپے کوئٹہ میں ملاوٹی دودھ فروخت کرنے والے دوکانداروں کو جرمانے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔ محکمہ صحت کے سیلاب سے متاثرین کیلئے چار فری میڈیکل کیمپس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ سردار اختر مینگل سے آغا حسن ہاشم نوتیزئی اور کیسکو حکام کی ملاقات، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15۔ وفاق بلوچستان کے سیلاب متاثرین کیلئے اعلانات کو عملی جامہ پہنائے، جمعیت | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان

فائرنگ ومختلف واقعات میں 4 افراد جاں بحق 8 زخمی، چمن ہاؤسنگ اسکیم کے پارک پر قبضے کی کوشش ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، کوئٹہ، پولیس کی کاروائی کروڑوں روپے مالیت کی چرس برآمد ملزم گرفتار، قلات پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار۔

## عوامی مسائل

جناح زرغون لنک روڈ کا منصوبہ ڈیرہ سال سے تشنہ تکمیل، موسیٰ خیل میں امدادی سامان من پسند لوگوں کو دیا جارہا ہے، ایران سے درآمدات بند نہ ہوئیں تو قومی شاہراہیں بلاک کردینگے زمینداروں کی دھمکی، کوئٹہ میں آٹے کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔

مورخہ 11-09-2022

**اداریہ**

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**وفاقی وصوبائی حکومت کی لاپتہ افراد دو ماہ میں حل کرنے کی یقین دھانی حوصلہ افزاء پیش رفت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعظم کی تشکیل کردہ وفاقی وزراء کی کمیٹی نے کوئٹہ کے دورے میں لاپتہ افراد کے لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں دو ماہ کے اندر لاپتہ افراد کے مسلے کے حل کا یقین دیدیا۔ جس کے بعد دو ماہ کیلئے دھرنا ختم کر دیا گیا۔ اس موقع پر پریس کانفرنس سے خطاف کرتے ہوئے وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ، وزیرقانون اعظم نذیر تارڑ اور آغا حسن بلوچ نے کہا کہ ہم اس عزم کے ساتھ واپس جارہے ہیں کہ لاپتہ افراد کے حوالے سے دو ماہ میں عملی اقدامات نظر آئیں گے۔ جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کا معاملہ پورے ملک کا مسئلہ ہے جس کے حل کیلئے وفاقی وصوبائی حکومتیں سنجیدہ اقدامات کررہی ہیں۔ وفاقی وزراء کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کی بازیابی کے معاملات میڈیا میں اوپن نہیں کئے جاسکتے۔ لواحقین اور حکومتی ایجنسیوں کے تعاون سے دو ماہ کے اندر افہام وتفہیم سے مسئلے کا حل نکالا جائیگا۔ لاپتہ افراد کے لواحقین کا بڑا مطالبہ ہے کہ اگران کے پیارے کسی مقدمے میں مطلوب ہیں تو انکا ونٹرنہ کیا جائے حکومت کوان ماؤں، بہنوں کا احساس ہے ہر محبّ وطن چاہتا ہے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ جلد حل ہو کوشش ہوگی کہ تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک ساتھ بٹھا کر مسئلے کا حل نکالا جائے۔ لاپتہ افراد بلاشبہ پورے ملک خصوصاً بلوچستان کا اہم مسئلہ ہے جو صوبے کی سیاست اور امن وامان کے معاملات پر بھی اثرانداز ہورہا ہے اس کے ساتھ ہی یہ انسانی مسئلہ بھی ہے کیونکہ اس سے درجنوں خاندان متاثر ہورہے ہیں۔ وفاقی حکومتی ٹیم کی کوئٹہ آمد اور لاپتہ افراد کے لواحقین سے اچھے ماحول میں ملاقات اور دھرنا ختم کرنے کا اعلان نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت سیاسی جماعتوں اور لواحقین کے درمیان اعتماد کی ایک فضاء قائم ہوئی ہے جسے مسئلے کے حتمی حل تک قائم رہنا چاہئیے۔

**اداریہ**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**سیلاب کی صورتحال ضمنی الیکشن ملتوی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**پاکستان میں بحران اقوام متحدہ کا قابل ستائش کردار**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 11 SEP 2022 Page No. 1

لاکھوں لوگ بے گھر ہوگئے

# حکومت سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، قدوس بزنجو

## سیلاب سے تعلیمی اور طبی اداروں، روڈ نیٹ ورک، ڈیموں اور آبنوشی کی اسکیمات کو بری طرح نقصان پہنچا، امید ہے عالمی ادارے تعاون کرینگے

اوستہ محمد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان کا وسیع رقبہ شدید متاثر ہوا ہے اور جانی ومالی نقصانات کے ساتھ ساتھ لاکھوں لوگ بے گھر ہوئے ہیں صوبائی حکومت اس قدرتی آفت کے اثرات سے نمٹنے کے لئے تمام دستیاب وسائل اور افرادی قوت بروئے کار لارہی ہے تاہم بحالی وتعمیر نو کے عمل میں طویل عرصہ اور خطیر فنڈز درکار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ مسٹر انتونیو گوتریس کے ضلع جعفرآباد کے دورے کے موقع پر انہیں سیلاب کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے بریفنگ دی قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی وفاقی وزراء صوبائی وزیر محمد خان لہڑی سینیٹر ثناء جمالی اور رکن قومی اسمبلی نوابزادہ خالد خان مگسی بھی اس موقع پر موجود تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیلاب سے تعلیمی اور طبی اداروں روڈ نیٹ ورک ڈیموں اور آبنوشی کی اسکیمات کو بری طرح نقصان پہنچا ہے اور بچے اور خواتین سب سے زیادہ متاثر ہیں انہوں نے کہا بچوں اور خواتین کو درپیش صحت کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے اور امید ہے کہ عالمی ادارے اور اقوام عالم بھی آگے بڑھ کر ہمارا ساتھ دیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ متاثرین کی امداد اور بعد ازاں بحالی کے لیے ہمارے عزم وحوصلے میں کوئی کمی نہیں اور حکومت اپنی اس ذمہ داری کو ہر صورت پورا کریگی وزیراعلیٰ نے متاثرہ ضلع میں وزیراعظم کے ہمراہ سیکریٹری جنرل یو این او کی آمد پر خیر مقدمی کلمات ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کا یہ دورہ انتہائی اہم اور متاثرین اور صوبائی حکومت کے لیے باعث حوصلہ وتقویت ہے انہوں نے بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی امداد وبحالی اور تباہ شدہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو کے عمل میں وزیراعظم کی خصوصی دلچسپی اور عملی اقدامات کو سراہتے ہوئے یقین ظاہر کیا کہ وفاقی حکومت اور عالمی برادری کے تعاون سے ہم اس چیلنج سے موثر طور پر نمٹنے میں کامیاب ہونگے اور اللہ تعالیٰ اس امتحان میں ہمیں سرخرو کریگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 SEP 2022 Page No. 2

# بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی بڑا چیلنج ہے، شہباز شریف

رقبے کے لحاظ سے بلوچستان ملک کا بڑا صوبہ، وفاقی حکومت ریلیف کی سرگرمیوں میں صوبائی حکومت کے ساتھ معاونت کررہی ہے، وزیراعظم

بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کو آگاہی

بحالی و امداد کے کاموں میں مصروف اداروں کو دور دراز واقع علاقوں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے، انتونیو گوتریس سے بات چیت

اوستہ محمد (نامہ نگار) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں سیلاب سے بنیادی ڈھانچہ، سڑکوں اور رابطہ پلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی بحالی ایک بڑا......

بقیہ نمبر 7 صفحہ 9 پر

چیلنج ہے، وفاقی حکومت ریلیف کی سرگرمیوں میں صوبائی حکومت کے ساتھ معاونت کررہی ہے تاہم اتنے بڑے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بین الاقوامی برادری کو پاکستان کی معاونت کیلئے آگے آنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلع جعفرآباد کے علاقے اوستہ محمد میں سیلاب سے تباہ کاریوں سے متعلق آگاہی دیتے ہوئے کیا۔ ہفتے کو اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے جعفرآباد کے سیلاب سے بری طرح متاثرہ علاقہ اوستہ محمد کا دورہ کیا بلوچستان کے چیف سیکرٹری نے وزیراعظم شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو مون سون کی حالیہ بارشوں اور سیلاب، سیلاب کے بعد صوبہ بھر میں امداد اور بحالی کی کوششوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو بتایا کہ بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور متعلقہ حکام کو دور دراز واقع علاقوں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے، انہوں نے بتایا کہ سیلاب سے بنیادی ڈھانچہ، سڑکوں اور رابطہ پلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی بحالی ایک بڑا چیلنج ہے، وفاقی حکومت ریلیف کی سرگرمیوں میں صوبائی حکومت کے ساتھ معاونت کررہی ہے تاہم اتنے بڑے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بین الاقوامی برادری کو پاکستان کی معاونت کیلئے آگے آنا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان کی حکومت بلوچستان کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔

## سیلاب زدگان کے نقصانات کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائینگے، اسد بلوچ

### صوبائی وزیر زراعت کا دورہ بسیمہ، حفاظتی بندات فوری تعمیر کرنیکی ہدایت، مختلف وفود کی ملاقات

خاران (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سیکرٹری جنرل صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت سیلاب زدگان اور زمینداروں کے نقصانات کے ازالے کیلئے اپنے دستیاب وسائل ضرور بروئے کار لائے گی، جلد بسیمہ میں حفاظتی بندات کی تعمیر کرکے عوام کو تحفظ فراہم کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورے بسیمہ کے موقع پر پارٹی ضلع واشک کے آرگنائزر میر عزیز الرحمن بلوچ کی رہائش گاہ میں مختلف وفود سے گفتگو کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایم ایم ڈی واشک کے افسر یعقوب بلوچ، واٹر مینجمنٹ کے ٹیکنیکل افسر حاجی یحییٰ ریکی، ریسرچ افسر زراعت علی بخش بلوچ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر زراعت نے ایم ایم ڈی کے افسر کو ہدایت کی کہ ایک ہفتے کے اندر حفاظتی بندات تعمیر کرکے عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ اس موقع پر بی این پی عوامی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی، ڈپٹی سیکرٹری جنرل ایڈووکیٹ محمد حسن بلوچ، شکیل بلوچ، زمان بلوچ، سلیمان بلوچ، رحمدل بلوچ سمیت مرکزی و صوبائی عہدیدار بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔

## بارش و سیلاب سے پشین میں بھی بہت نقصان ہوا، مولانا عبدالواسع

### عوام اور عہدیدار سروے میں بھرپور حصہ لیں، کلی ملک یار نے شمولیتی جلسے سے خطاب

پشین (نامہ نگار) جمعیت بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے جمعیت نے ہر دور میں عوام کی امنگوں کی ترجمانی کی ہے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑینگے عام انتخابات میں جمعیت کلین سویپ کریگی پشین بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے شدید متاثر ہوا ہے عوام اور جمعیت کے عہدیدار سروے میں بھرپور حصہ لیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی ملک یار میں شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع ملک دلبر خان ترین اور ڈاکٹر اشرف خان ترین نے ساتھیوں سمیت جمعیت میں شمولیت اختیار کی شرکاء سے جمعیت کے ارکان اسمبلی اور عہدیداروں نے بھی خطاب کیا مولانا عبدالواسع نے کہا کہ عوام فیصلہ کریں کہ انہیں مسائل کے حل کیلئے جمعیت کے پاس جانا ہے کہ پی ٹی آئی کے پاس عمران نیازی نے ملک کو اقتصادی طور پر دیوالیہ کردیا اور اب دوبارہ حکمرانی کا خواب دیکھ رہے مگر اب کسی صورت ان کو عوام اقتدار حوالے نہیں کرینگے ہم پی ٹی آئی کے مداری کو اس طرح نہیں چھوڑیں گے اور بھاگنے نہیں دیں گے یہ پانی کے گرداب سے نہیں عوامی سیلاب سے ڈر رہے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں سیلاب نے تباہی مچادی ہے، زمرک اچکزئی

### تمام ادارے مل کر کام کریں اور متاثرہ افراد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں نے تباہی مچادی ہے صوبے اور خاص کر قلعہ عبداللہ میں بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں، سیلا...... بقیہ نمبر48 صفحہ 10 پر

ب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کے لئے تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، متاثرہ افراد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں جائے تاکہ ان کے بروقت ازالہ ہوسکے زراعت کے شعبے سے منسلک افراد مشکل میں ہے، وفاقی و صوبائی حکومتیں زمینداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں۔

Century Express Quetta

## پولیس نے قیام امن کیلئے جانیں دیں، حاجی نور محمد

### فورسز کے ساتھ مل کر عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے آئی جی پولیس آفس کوئٹہ میں آئی جی پولیس بلوچستان آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ سے ان کے آفس میں ملاقات کی اور حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع زیارت و ہرنائی میں امن و امان کے قیام شاہرگ تحصیل میں پولیس اسٹیشن کے قیام اور عملے کی تعیناتی سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کے آفیسران اور اہلکاروں نے صوبے میں قیام امن کیلئے اپنے جانوں کے نظرانے پیش کیے ہے اور کر رہے ہیں اور حالیہ بارشوں اور سیلاب میں پولیس فورس کے جوانوں کا ریسکیو کے کاموں میں دن رات حصہ لینے اور سیلاب میں پھنسے لوگوں کو ریسکیو کرنے اور انکی مدد کرنے پر خراج عقیدت پیش کرتے ہے۔

## خضدار اور وڈھ میں کیسکو کے منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، وفاقی وزراء

### جہاں پولز گرے انکی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر لائنوں کے کام مکمل کرکے عوام کی مشکلات دور کی جائیں، ہاشم نوتیزئی

### اورناچ گرڈ اسٹیشن سنی خضدار گرڈ اسٹیشن وڈھ گرڈ اسٹیشن میں نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب مکمل کی جائے، آغا حسن بلوچ کی گفتگو

### سردار اختر جان مینگل سے وفاقی وزیر اور وزیر مملکت توانائی کی وی او کیسکو کے ہمراہ ملاقات، بجلی تنصیبات پر تفصیلی بات چیت کی گئی

وڈھ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ، وفاقی وزیر مملکت توانائی حاجی محمد ہاشم نوتیزئی سی ای او کیسکو بلوچستان عبدالکریم جمالی سمیت دیگر کیسکو آفیسران نے وڈھ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں خضدار نال زہری وڈھ سمیت دیگر علاقوں میں بجلی کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ...... بقیہ نمبر8 صفحہ 10 پر

لہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اورناچ گرڈ اسٹیشن سنی خضدار گرڈ اسٹیشن وڈھ گرڈ اسٹیشن میں نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب وڈھ کے مختلف فیڈرز پر اور لوڈنگ گرڈ گرڈ اسٹیشن اور خضدار سٹی کے فیڈرز پر جاری کام پر کیسکو حکام کی طرف سے وفاقی وزیر مملکت توانائی کو بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وزیر محمد ہاشم نوتیزئی نے کیسکو حکام کو مختلف علاقوں میں لائنز پر جاری کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور سیلاب سے متاثرہ لائنز کی مرمت کے احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کوششیں ہو کہ یہ منصوبے بہت جلد پایہ تکمیل کو پہنچے کیسکو حکام تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ان منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب اور بارشوں سے بلوچستان کے مختلف گرڈ اسٹیشنز کے فیڈرز کے لائنوں کی بحالی کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائے۔ انہوں نے کہا کہ جن جن فیڈرز پر پولز گرے ہیں ان کے دوبارہ بحالی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر لائنز کے کام مکمل کرکے صارفین کی مشکلات دور ہوں اجلاس میں کیسکو آفیسران پی ڈی کنسٹرکشن کلیم اللہ جوگیزئی عبدالسلام مینگل پی ڈی جی ایس سی کرم بخش ایس ای خضدار سرکل سید مشرف شاہ ایکس آر ای ڈی ون علی احمد عیسیٰ پی ایس ای او شاہ اللہ زہری ایس ڈی او آر ای ڈی سیف اللہ جاموٹ اسٹیشن خضدار فرحان اقبال ملازئی پی ایس او منسٹر برائے توانائی سمیت دیگر حکام موجود تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 11 SEP 2022 Page No. 6

ہمارے گلیشیرز پگھل رہے ہیں، ملک میں زیادہ بارشوں سے نمٹنے کی تیاری نہیں تھی، بحالی کا عمل بڑا چیلنج، ہر چیز کیلئے دنیا کی طرف نہیں دیکھنا چاہئے

# سیلابی تباہی سے بچنے کیلئے بڑے ڈیم بنانا ہونگے

## آرمی چیف

سب سے زیادہ تباہی دادو میں آئی ہے، منچھر جھیل اور حمل جھیل کے درمیان 100 کلومیٹر کا فاصلہ تھا تاہم قدرتی آفت کے باعث دونوں جھیلوں کا پانی آپس میں مل چکا ہے، دنیا کو باور کرا رہے ہیں ری نیو ایبل کی طرف جایا جائے

50 سے 100 گھروں پر مشتمل گاؤں بنائیں گے، سندھ یا بلوچستان سے جگہ سلیکٹ کی جا سکتی ہے، 5 لاکھ مالیت کے ان گھروں میں 2 بیڈ، ایک باتھ اور کچن ہوگا، جنرل باجوہ کا سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ اور میڈیا گفتگو

دادو/راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ عالمی ماحولیاتی تبدیلی کا اثر پوری دنیا پر آرہا ہے، ہمارے گلیشیرز پگھل رہے ہیں، دنیا کو باور کروا رہے ہیں ری نیو ایبل کی طرف جایا جائے، پاکستان میں چیک ڈیم سمیت مزید بڑے ڈیم بنانا پڑیں گے، ہمیں ہر چیز کے لیے عالمی کمیونٹی کو نہیں دیکھنا چاہیے، انٹرنیشنل کمیونٹی نے اپنا کام شروع کر دیا ہے، اس وقت پاکستان سے لوگ امداد دے رہے ہیں، پنجاب، خیبرپختونخوا سے کافی امداد آرہی ہے، سندھ اور اربن سندھ کے لوگوں سے درخواست کرتا ہوں ہمارے بھائی بہت مشکل ہیں، ان کیلئے آگے آئیں اور امداد دیں، آئندہ ہفتے

وزیراعظم سمیت چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کا اجلاس بلایا ہے، سیلاب سے بچنے کیلئے پلاننگ کریں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر

گے۔ ہفتہ کو آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے اندرون سندھ کے ضلع دادو کے دور دراز علاقوں کا دورہ کیا۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ریلیف اور میڈیکل کیمپوں میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ وقت گزارا۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے فارمیشن کو دادو اور آس پاس کے علاقوں کے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کو 5000 خیمے فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ سربراہ پاک فوج نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف فوجیوں سے بھی ملاقات کی۔ بعد ازاں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے دادو، خیرپور ناتھن شاہ، جوہی، میہڑ اور منچھر جھیل کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی فضائی نگرانی بھی کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ میں پاکستان کے تمام سیلاب زدہ علاقوں میں گیا ہوں، اوتھل، نصیرآباد، راجن پور، سوات، لاڑکانہ، شہدادکوٹ، خیرپور سمیت دیگر علاقوں کا دورہ کیا۔ میرے خیال میں ملک میں سب سے زیادہ تباہی دادو میں آئی ہے، منچھر جھیل اور حمل جھیل کے درمیان 100 کلومیٹر کا فاصلہ ہے تاہم قدرتی آفت کے باعث دونوں جھیلوں کا پانی آپس میں مل چکا ہے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ باقی علاقوں میں ریسکیو کا کام ختم ہو چکا ہے، جہاں لوگوں کو سانپ کاٹنے سمیت دیگر مشکلات پیش آئیں وہاں ہم ہیلی کاپٹر بھیجتے ہیں اور ریسکیو کرتے ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ دادو میں ریسکیو کا کام اور امدادی کارروائیاں بھی جاری ہیں، مجھے بتایا گیا کہ دادو کی آبادی پانچ لاکھ کے قریب ہے لیکن یہاں اب ایک ملین آبادی پہنچ چکی ہے، ارد گرد پانی کا بہت زیادہ زور ہے، ڈی سی نے بہت اچھا کام کیا ہے اور پاک فوج کے ساتھ مل کر بند باندھا ہے، شہر کو محفوظ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، سب سے پہلے ہم لوگوں کو ریسکیو کر رہے ہیں، اس وقت پاکستان سے لوگ امداد دے رہے ہیں، پنجاب، خیبرپختونخوا سے کافی امداد آرہی ہے، سندھ اور اربن سندھ کے لوگوں سے درخواست کرتا ہوں ہمارے بھائی بہت مشکل میں ہیں، ان کیلئے آگے آئیں اور امداد دیں، ہمیں ہر چیز کے لیے عالمی کمیونٹی کو نہیں دیکھنا چاہیے، انٹرنیشنل کمیونٹی نے اپنا کام شروع کر دیا ہے، ورلڈ فوڈ پروگرام، یو ایس ایڈ، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے لوگ بھی یہاں پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ، یورپ، چائنہ، مشرق وسطیٰ ممالک متحرک ہو گئے ہیں اور وہاں سے طیارے امدادی سامان لیکر آرہے ہیں، یہ ممالک صرف ایک حد تک مدد کر سکتے ہیں تاہم ہمارے ملک میں لوگوں کی ذمہ داری ہے، آگے آئیں اور لوگوں کی مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے بعد بحالی کا عمل بڑا چیلنج ہے، ہم اس کیلئے ہمیشہ تیار رہے ہیں، ہم ہمیشہ دریاؤں کے ذریعے سیلاب کیلئے تیار رہے ہیں جس علاقے میں اگر پچاس ملی میٹر سالانہ بارش ہوتی ہے اگر وہاں 1700 ملی میٹر بارش ہفتے میں ہو جائے تو اس کے لیے ہماری تیاری نہیں تھی، دریائے سندھ کے ویسٹ سائیڈ نے بہت زیادہ تباہی مچائی ہے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ حکومت پاکستان نے 2017ء میں عالمی کمپنی سے سیلاب سے متعلق تحقیق کروائی تھی اسے ہم دوبارہ وزٹ کریں گے، انڈس دریا کے ویسٹ حصے کے ساتھ ہم نے کیسے نمٹنا ہے، اس کے لیے ہمیں چیک ڈیمز بنانا پڑیں گے، ڈرین سسٹم بھی بنائیں گے اس پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے خود آرمی انجینئرنگ کو ایک ٹاسک دیا ہے اس پر انہوں نے تحقیق بھی مکمل کر لی ہے، اگلے ہفتے ہم وزیراعظم شہباز شریف سمیت چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کو بریف کریں گے، اس کے لیے عالمی ایکسپرٹ کی بھی مدد لیں گے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ لانگ ٹرم میں جو لوگ بے گھر ہوئے ہیں، ان کے لیے بھی پلاننگ کی جا رہی ہے، میرے پاس آئیڈیا ہے، ایک بڑی ٹیب گاؤں بناتے ہیں اس کی خوبی یہ ہے گاؤں چند دنوں میں بن جاتے ہیں، اس کیلئے 50 سے 100 گھروں کا ایک گاؤں بنائیں گے، اس کیلئے جگہ سلیکٹ کی جائے گی، یہ جگہ بلوچستان یا سندھ میں ہو سکتی ہے، ان گھروں میں دو بیڈ روم، ایک باتھ، ایک کچن پر مشتمل گھر ہوگا، جس کا تخمینہ پانچ لاکھ روپے ہے، ان گھروں کی زندگی بھی 50 سال سے 100 سال تک ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کی آفت کے بعد بیماریاں بھی بڑی عفریت بن کر سامنے آرہی ہیں، ڈینگی، ملیریا سمیت دیگر بیماریاں دادو میں سامنے آرہی ہیں، سندھ کے دیگر علاقوں میں بھی یہ مسئلہ سامنے آرہا ہے، اس کے لیے اضافی بٹالین میڈیکل منتقل کر رہے ہیں، جو سول اداروں کے ساتھ مل کر لوگوں کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب چیلنجز آتے ہیں تو وہاں پر اپرچونٹی بھی سامنے آتی ہیں، اس آفت سے ہم کافی کچھ سیکھا ہے، آئندہ حکومت کے ساتھ مل کر اچھی پلاننگ کریں گے۔ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ مجھے بتایا گیا ہے اس وقت کوٹری بیراج سے پانچ لاکھ کا ریلا گزر رہا ہے، جس وقت دریائے سندھ میں پانی کم ہو جائے گا تو منچھر جھیل میں بھی پانی کم ہونا شروع ہو جائے گا، ابھی بھی کچھ علاقوں میں 8 سے 10 فٹ پانی موجود ہے، اور آہستہ آہستہ نیچے آنا شروع ہو جائیگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 SEP 2022 Page No. 6


## بلوچستان میں 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ بے گھر ہو چکے، چیف سیکرٹری

**صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا، بریفنگ**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب تک سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انتونیو گوتریس کے اوستہ محمد کے دورے کے موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بارشوں کا سلسلہ 13 جون سے شروع ہوا جس میں اب تک 270 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں صوبے میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے ہیں جبکہ اب تک کے اعداد و شمار کے مطابق 1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور 1 لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان میں سیلاب کے باعث اب تک 9 لاکھ ایکڑ زرعی زمین بھی سیلاب سے تباہ ہوئی ہے جبکہ ہزاروں کلومیٹر روڈ، انفرسٹرکچر، ریلوے اور سڑک کے پل متاثر ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے اب تک 1 لاکھ 25 ہزار لوگوں ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے اور 10 لاکھ لوگوں تک پہنچا گیا ہے۔


92 نیوز کوئٹہ


## سیلاب سے 270 اموات، 13 لاکھ بے گھر ہو چکے، عبدالعزیز

**لاکھوں لوگوں کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا، چیف سیکریٹری بلوچستان**

**وزیراعظم اور جنرل سیکریٹری اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کو اوستہ محمد میں بریفنگ**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب تک سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق اور 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں، (باقی صفحہ 4 نمبر 12)

صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کے تحت ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعظم شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹری انتونیو گوتریس کے اوستہ محمد کے دورے پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی، ان کا مزید کہنا تھا کہ صوبے میں بارشوں کا سلسلہ 13 جون سے شروع ہوا جس میں اب تک 270 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، صوبے میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے ہیں، اب تک کے اعداد و شمار کے مطابق 1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں، صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور ایک لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ بلوچستان میں سیلاب کے باعث اب تک 9 لاکھ ایکڑ زرعی زمین بھی سیلاب سے تباہ ہوئی ہے، ہزاروں کلومیٹر روڈ، انفراسٹرکچر، ریلوے اور سڑک کے پل متاثر ہوئے ہیں، بلوچستان حکومت نے اب تک ایک لاکھ 25 ہزار لوگوں کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا، 10 لاکھ لوگوں تک راشن پہنچا گیا ہے۔


AZADI QUETTA


## بلوچستان سیلاب سے کل 270 اموات ہو چکی ہیں جبکہ 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے، چیف سیکرٹری

**صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے**

**1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور 1 لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں، چیف سیکرٹری**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب تک سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کو ریسکیو کر کے محفوظ (بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 2 پر)

مقامات پر منتقل کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انتونیو گوتریس کے اوستہ محمد کے دورے کے موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بارشوں کا سلسلہ 13 جون سے شروع ہوا جس میں اب تک 270 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں صوبے میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے ہیں جبکہ اب تک کے اعداد و شمار کے مطابق 1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور 1 لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان میں سیلاب کے باعث اب تک 9 لاکھ ایکڑ زرعی زمین بھی سیلاب سے تباہ ہوئی ہے جبکہ ہزاروں کلومیٹر روڈ، انفرسٹرکچر، ریلوے اور سڑک کے پل متاثر ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے اب تک 1 لاکھ 25 ہزار لوگوں ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے اور 10 لاکھ لوگوں تک پہنچا گیا ہے


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان میں سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں، چیف سیکرٹری

**1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور 1 لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں، وزیراعظم کو بریفنگ**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر عقیلی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب تک سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انتونیو گوتریس کے اوستہ محمد کے دورے کے موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بارشوں کا سلسلہ 13 جون سے شروع ہوا جس میں اب تک 270 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں صوبے میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے ہیں


Baakhabar Quetta


## بلوچستان میں سیلاب سے 270 افراد جاں بحق ہو گئے، چیف سیکرٹری

**سیلاب زدہ علاقوں میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں، 13 جون کو بھی بارشیں ہوئیں**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اب تک سیلاب کے باعث 270 افراد جاں بحق، 13 لاکھ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو اپنی مدد کو ریسکیو کر کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انتونیو گوتریس کے اوستہ محمد کے دورے کے موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بارشوں کا سلسلہ 13 جون سے شروع ہوا جس میں اب تک 270 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں صوبے میں 13 لاکھ لوگ بے گھر ہوئے ہیں جبکہ اب تک کے اعداد و شمار کے مطابق 1 لاکھ 85 ہزار مکانات متاثر ہوئے ہیں صوبے میں اب تک 5 لاکھ مویشی اور 1 لاکھ مرغیاں بھی ہلاک ہو چکی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان میں سیلاب کے باعث اب تک 9 لاکھ ایکڑ زرعی زمین بھی سیلاب سے تباہ ہوئی ہے جبکہ ہزاروں کلومیٹر روڈ، انفرسٹرکچر، ریلوے اور سڑک کے پل متاثر ہوئے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 11 SEP 2022 Page No. 8


## سردار اختر مینگل سے آغا حسن، ہاشم نوتیزئی اور کیسکو حکام کی ملاقات

### سیلاب سے متاثرہ لائنوں کی جلد مرمت کی جائے، وزیر مملکت برائے توانائی، ملاقات میں بجلی مسائل پر غور

وڈھ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر مینگل سے بی این پی کے مرکزی رہنماؤں، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ، وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی حاجی محمد ہاشم نوتیزئی، سی او کیسکو بلوچستان عبدالکریم جمالی سمیت دیگر کیسکو افسران نے وڈھ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں خضدار، نال، زہری، وڈھ سمیت دیگر علاقوں میں بجلی کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اورناچ گرڈ اسٹیشن، نئی خضدار گرڈ اسٹیشن، وڈھ گرڈ اسٹیشن میں نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب وڈھ کے مختلف فیڈرز پر اوور لوڈنگ، گروک گرڈ اسٹیشن اور خضدار سٹی کے فیڈرز پر جاری کام پر غور کیا گیا جبکہ کیسکو حکام کی طرف سے بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر ہاشم نوتیزئی نے کیسکو حکام کو مختلف علاقوں میں لائنز پر جاری کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور سیلاب سے متاثرہ لائنز کی مرمت کے احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ یہ منصوبے بہت جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں کیسکو حکام تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ان منصوبوں کو جلد مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب اور بارشوں سے بلوچستان کے مختلف گرڈ اسٹیشنز کے فیڈرز کی لائنوں کی بحالی کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جن جن فیڈرز پر پولز گرے ہیں ان کے دوبارہ بحالی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر لائنز کے کام مکمل کرکے صارفین کی مشکلات دور ہوں۔


MASHRIQ QUETTA


## سماج سے ناانصافی اور استحصال ختم کرکے خواتین کو برابری کا مقام ہو گا، نیشنل پارٹی

### سیاست تعلیم ملازمت اور معاشی فیصلوں میں خواتین کو شامل کرنے سے ہی تعمیر و ترقی کی منزلیں طے ہوسکتی ہیں، جان محمد بلیدی

### بلوچستان میں بارشوں و سیلاب کے بعد صورتحال انتہائی سنگین ہے، عوام کی بحالی کیلئے حکمت عملی نظر نہیں آرہی، اسحاق بلوچ

### فنڈز کے شفاف انداز میں استعمال سے ہی مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے، شمولیتی تقریب سے فریدہ بلوچ، سائرہ اور حمیدہ کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام خواتین کی شمولیتی تقریب پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ شمولیتی تقریب میں حمیدہ بانو نے اپنے ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی خواتین رہنما فریدہ بلوچ کی موجودگی میں نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب سے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان...... بقیہ نمبر 36 صفحہ 10 پر

محمد بلیدی مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ ممبر مرکزی کمیٹی و ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی صوبائی ترجمان علی احمد لانگو فریدہ بلوچ سائرہ شاہوانی اور حمیدہ بانو نے خطاب کیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری ریاض زہری فنانس سیکرٹری سعید سالاڈی نیشنل پارٹی کچی کے رہنما چاکر بلوچ بی کے رہنما ہاشم سیلاچی اور فاروق سیلاچی بھی موجود تھے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی نے نئے شمولیت کرنے والے خواتین کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی خواتین کی سیاسی عمل میں شرکت کو شعوری سماج کی تشکیل میں اہم پیش رفت سمجھتی ہے۔ خواتین ملک کی آدھی آبادی ہیں۔ اور اگر خواتین کو مواقع فراہم نہیں کیا جائے گا تب آدھا انسان کیسے مکمل سماج کی تعمیر کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا فلسفہ سیاست ہے کہ سماج سے نابرابری ناانصافی اور استحصال تب تک ختم نہیں ہوگا جب تک خواتین کو برابری کا مقام اور یکساں مواقع نہیں ملیں گے۔ سیاست تعلیم ملازمت اور معاشی فیصلوں میں خواتین کو شامل و مواقع فراہم کرنے سے ہی تعمیر و ترقی کی منزلیں طے کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت بارش و سیلاب کے بعد کی صورتحال انتہائی مشکل و سنگین ہے۔ یہ کہ عوام میں مختلف اقسام کی بیماریاں پھیل رہی ہے۔ دوم یہ کہ عوام کی بحالی کا عمل ابھی تک باقی ہے۔ بیماریوں کی روک تھام و علاج معالجہ اور بحالی کے حوالے نہ کوئی حکمت عملی نظر آرہی ہے اور نہ کوئی اقدامات۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت میں اتنی اہلیت نہیں کہ وہ حکمت عملی بنا سکے۔ امدادی فنڈز کے لیے اپیل تو کی ہے لیکن حکمت عملی نہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ امدادی فنڈز میں بے ضابطگیاں ہوں گے اور پھر یہ فنڈز عوام کی فلاح و بہبود کے بجائے کہ، اور منتقل ہوجائے گے۔ امدادی فنڈز کی بہتر و شفاف انداز میں استعمال کرنے سے ہی مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر نازش اور ریحانہ فائزہ مینگل پروین یاسمین، مدیحہ، اقرا، انجمہ شاہین، ارم، رابعہ، حسنا، زرینہ، گل بانو، بلقیس، ناز بی بی، کرن، سمیرا، ثانیہ، عابدہ، فوزیہ، زکیہ، نسرین، شبانہ، حیاتل بی بی، فریدہ، کلثوم بی بی، حمیدہ، امت سمیت دیگر نے نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

## وفاق بلوچستان کے سیلاب متاثرین کیلئے اعلانات کو عملی جامہ پہنائے، جمعیت نظریاتی

### بدقسمتی سے ملک میں امداد ہمیشہ کرپشن کی نذر ہو جاتی ہے متاثرین کی جلد بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے، مولانا خلیل مخلص

### آج بھی ہزاروں لوگ آسمان تلے بغیر چھت بے سروسامانی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، مولانا قادر لونی، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکر...... بقیہ نمبر 57 صفحہ 10 پر

ٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ امیر صوبہ سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن تکیال امیر پنجاب مولانا ثنااللہ شاہ فاروقی و دیگر نے کہا کہ بیرونی اور اندورنی امداد متاثرین تک پہنچائے وفاق متاثرین کی جلد بحالی اور امداد پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے بدقسمتی سے ملک میں امداد ہمیشہ کرپشن کی نذر ہو جاتی ہے اور متاثرین محروم رہ جاتے ہیں اور وزیراعظم متاثرین کے لیے کے گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 11 SEP 2022 Page No. 10


# جناح زرغون لنک روڈ کا منصوبہ ڈیڑھ سال سے تشنہ تکمیل

## چند ماہ قبل کام میں تیزی لائی گئی تھی لیکن دوبارہ کام روک دیا گیا، سلیگ سیزن شروع ہونے سے قبل منصوبہ مکمل کیا جائے، عوامی حلقوں کا متعلقہ حکام سے مطالبہ

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) جناح روڈ کو زرغون اور اسکسپ روڈ سے لنک کرنے کا منصوبہ سست روی کا شکار ڈیڑھ سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود تعمیراتی کام جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ کے باعث مختلف سڑکوں پر یوٹرنز ختم کر دیئے گئے تھے جس کے باعث مختلف علاقوں کو جانے والے لوگوں کو طویل مسافت طے کرنا پڑتی تھی خاص طور پر امداد چوک پر یوٹرن کے خاتمے کے بعد جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ، اسپورٹس روڈ، کواری روڈ اور ملحقہ علاقوں کے ہزاروں باشندوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ گزشتہ سال ممتاز قانون دان سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے اس حوالے سے بلوچستان ہائیکورٹ میں رٹ پٹیشن دائر کی جس پر عدالت نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کو واضح احکامات جاری کئے اور عدالتی احکامات پر پاکستان ریلوے کی اراضی سے لنک سڑک بنائی گئی جسے شہید محمد طارق زہری کے نام سے منسوب کیا گیا اس کے بعد جناح روڈ کو زرغون اور اسکسپ روڈ سے منسلک کرنے کیلئے دیگر لنک سڑکیں بنانے کے احکامات جاری کئے گئے یہ منصوبہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہو سکا چند ماہ قبل وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سمیت چیف سیکرٹری اور کمشنر کوئٹہ منصوبے کا جائزہ لے چکے ہیں اس کے باوجود کام انتہائی سست روی کا شکار ہے۔ مون سون بارشوں کے دوران ویسے ہی کام نہیں ہو سکتا تھا لیکن اب موسم بہتر ہے جبکہ دو ماہ بعد سلیگ سیزن کا آغاز ہو جائیگا جس کے بعد خدشہ ہے کہ یہ منصوبہ اگلے سال مارچ تک زیر التوا رہے۔ عوامی حلقوں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن سے اپیل کی کہ وہ تعمیراتی منصوبے کی جلد اور معیار کے مطابق تکمیل کیلئے اپنا کردار ادا کریں تا کہ عوام کو درپیش مشکلات کا سامنا ہو سکے۔

# موسیٰ خیل میں امدادی سامان من پسند لوگوں کو دیا جا رہا ہے

## متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے فوری اقدامات کیے جائیں، جعفر بزدار اور وکیل احمد موسیٰ خیل کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) موسیٰ خیل کے رہائشی جعفر بزدار اور وکیل احمد موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب نے بلوچستان کے دیگر علاقوں کی طرح موسیٰ خیل میں تباہی مچاوی، متاثرین کی امداد و بحالی کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کیے جائیں، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ شدید بارشوں سے 12 افراد جاں بحق اور چھوٹے بڑے ڈیم، رابطہ پل، سڑکیں، مکانات منہدم ہو گئے، علاقے کا 10 روز تک زمینی رابطہ منقطع رہا، 18 روز تک بجلی اور کمیونیکیشن نیٹ ورک بند رہے، پی ڈی ایم اے اور این ڈی ایم اے کی جانب سے حقداروں کو سامان کی فراہمی کی بجائے من پسند لوگوں کو دیا جا رہا ہے، متاثرین آج بھی امداد کے منتظر ہیں، موسیٰ خیل کے علاقے تحصیل اندر بتر، تحصیل درگ، ایسوٹ، کیوان، مستفئی، زمرئی یا یاسین سمیت دیگر کا زمینی رابطہ تاحال منقطع ہے وہاں پر اشیاء خورد و نوش کی قلت اور صحت کی سہولیات ناپید ہیں، جاں بحق ہونے والوں کے اہلخانہ کو حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کوئی ریلیف نہیں دیا گیا اور نہ ہی این ڈی ایم اور پی ڈی ایم اے حکام نے کوئی دورہ کیا ہے، تباہ کن بارشوں سے ضلع کا انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہے پورا علاقہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے بھیجے جانے والا راشن حقداروں کی بجائے منظور نظر لوگوں کو دیا جا رہا ہے جو کسی صورت درست عمل نہیں۔

# کوئٹہ میں آٹے کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

## 20 کلو کا تھیلا 2600 میں مل رہا ہے، شہری پیاز کی قیمت میں فی کلو 73 اور ٹماٹر 14 روپے سستا ہوا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں آٹے کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ صوبائی دارلحکومت کوئٹہ کے شہری سب سے زیادہ مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔ آٹے کی فی کلو قیمت کم از کم 115 روپے ہو گئی۔ ضلعی انتظامیہ خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق کوئٹہ میں آٹے کے 20 کلو تھیلے کی کم از کم قیمت 2300 روپے اور کراچی میں 2200 روپے تک ہے تاہم کوئٹہ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 2600 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل کوئٹہ میں نان بائیوں نے آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر ہڑتال کرتے ہوئے روٹی کی قیمت بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا۔ ادارہ شماریات کے مطابق رواں ہفتے مہنگائی کی مجموعی شرح میں صفر اعشاریہ 58 فیصد کی ریکارڈ کی گئی، پیاز کی قیمت 73 روپے فی کلو کم ہوئی اور ٹماٹر 14 روپے 46 پیسے سستا ہوا۔ اس کے علاوہ گھی کی فی کلو قیمت میں تقریباً 3 روپے کی کمی ہوئی۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا 15 روپے 75 پیسے مہنگا ہو گیا جبکہ انڈے تقریباً 9 روپے فی درجن مہنگے ہوئے، چنے کی دال 4 روپے فی کلو اور ماش کی دال 3 روپے 29 پیسے فی کلو سستی ہوئی۔


MASHRIQ QUETTA


# ایران سے درآمد بند نہ ہوئیں تو قومی شاہراہیں بلاک کر دینگے، زمینداروں کی دھمکی

## بلوچستان کے زمینداروں کی فصل تیار ہوتے ہی ہمسایہ ممالک سے درآمدات ہمارا معاشی قتل ہے

## حکومت کو درآمدات کا شوق ہے تو چینی، گیس اور دالیں درآمد کرے، عبدالمجید مشوانی کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) ہمسایہ ممالک سے پیاز اور ٹماٹر درآمد کرنے کیخلاف زمینداروں کا اجلاس ہفتے کو کردگاپ میں ملک عبدالمجید مشوانی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں حاجی ولی محمد، حاجی عزیز سرپرہ سمیت ہیجباتی کردگاپ اور کانک کے سینکڑوں زمینداروں نے شرکت کی اجلاس میں طویل بحث مباحثے کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ اگر سوموار تک ہمسایہ ممالک سے پیاز اور ٹماٹر کی درآمد بند نہیں کی گئی تو ایم پی اے ہاسٹل میں زمیندار ایکشن کمیٹی غیر معینہ مدت کیلئے بلوچستان کے تمام شاہراہوں کو بند کرنے کا اعلان پریس کانفرنس میں کرینگے بلوچستان کے زمینداروں کی پیاز اور ٹماٹر کی فصل تیار ہوتے ہی ہمسایہ ممالک سے درآمد کرنا صوبے کے زمینداروں کا معاشی قتل ہے حکومت نے اگر درآمد کرنی ہے تو چینی، گیس اور دالیں درآمد کرے جن کی ملک میں ضرورت ہے زمیندار حکومت کے اس فیصلے کے بعد نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں کھاد سمیت دیگر سامان مہنگا ہونے کی وجہ سے زمیندار پہلے ہی بدحالی کے شکار ہیں توقع ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو وفاقی حکومت سے رابطہ کر کے بلوچستان کے زمینداروں کی مشکل پر قابو پالیں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 11 SEP 2022 Page No. 12


## وفاقی وصوبائی حکومت کی لاپتہ افراد دو ماہ میں حل کرنے کی یقین دہانی' حوصلہ افزاء پیش رفت

وزیراعظم کی تشکیل کردہ وفاقی وزراء کی کمیٹی نے کوئٹہ کے دورے میں لاپتہ افراد کے لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں دو ماہ کے اندر لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کا یقین دیدیا۔ جس کے بعد دو ماہ کیلئے دھرنا ختم کردیا گیا۔ اس موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور آغا حسن بلوچ نے کہا کہ ہم اس عزم کے ساتھ واپس جارہے ہیں کہ لاپتہ افراد کے حوالے سے دو ماہ میں عملی اقدامات نظر آئیں گے۔ جبکہ وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کا معاملہ پورے ملک کا مسئلہ ہے۔ جس کے حل کیلئے وفاقی وصوبائی حکومتیں سنجیدہ اقدامات کررہی ہیں۔ وفاقی وزراء کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کی بازیابی کے معاملات میڈیا میں اوپن نہیں کئے جاسکتے۔ لواحقین اور حکومتی ایجنسیوں کے تعاون سے دو ماہ کے اندر افہام و تفہیم سے مسئلے کا حل نکالا جائیگا۔ لاپتہ افراد کے لواحقین کا بڑا مطالبہ ہے کہ اگر ان کے پیارے کسی مقدمے میں مطلوب ہیں تو ان کا ٹرائل کیا جائے حکومت کو ان ماؤں، بہنوں کا احساس ہے ہر محب وطن چاہتا ہے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ جلد حل ہو۔ کوششیں ہوگی کہ تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک ساتھ بٹھا کر مسئلے کا حل نکالا جائے۔ لاپتہ افراد بلاشبہ پورے ملک خصوصا بلوچستان کا اہم مسئلہ ہے جو صوبے کی سیاست اور امن وامان کے معاملات پر بھی اثر انداز ہو رہا ہے اسکے ساتھ ہی یہ انسانی مسئلہ بھی ہے کیونکہ اس سے درجنوں خاندان متاثر ہورہے ہیں۔ لاپتہ افراد کے مسئلے کا حل اتنا آسان نہیں کیونکہ اسٹیبلشمنٹ خصوصا سیکورٹی فورسز اور ایجنسیوں کا بھی اس معاملے پر اپنا نقطہ نظر اور موقف ہے جسے یکسر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ مسئلہ حل ضرور ہوسکتا ہے لیکن حکومت سیاسی جماعتوں لاپتہ افراد کے لواحقین اور سیکورٹی فورسز کے مابین اتفاق رائے اور افہام و تفہیم سے ہی حل ممکن ہے۔ حکومتی کمیٹی کے پاس دو ماہ کا وقت ہے جو بہت زیادہ نہیں۔ کیونکہ حکومت کو دوسرے محاذوں پر بھی چیلنجوں کا سامنا ہے اور اسکی توجہ ہٹی ہوئی ہے صرف ایک مسئلے پر فوکس کرنا اسکے لئے ممکن نہیں ہوگا لیکن اگر بہتری کا کوئی راستہ نکلتا ہے تو اس کیلئے معیاد بڑھانے میں کوئی حرج نہیں۔ وفاقی حکومتی ٹیم کی کوئٹہ آمد اور لاپتہ افراد کے لواحقین سے اچھے ماحول میں ملاقات اور دھرنا ختم کرنے کا اعلان نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت سیاسی جماعتوں اور لواحقین کے درمیان اعتماد کی ایک فضاء قائم ہوئی ہے جسے مسئلے کے حتمی حل تک قائم رہنا چاہئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No 6

Dated: 11 SEP 2022 Page No. 13


## پاکستان میں بحران، اقوام متحدہ کا قابل ستائش کردار

پاکستان میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال سے ہونے والے نقصانات پر عالمی برادری کی جانب سے بھرپور مثبت جواب ملا ہے۔ دوست ممالک سمیت عالمی برادری کی جانب سے مالی معاونت کے ساتھ امدادی سامان بھی بھیجا جارہا ہے مزید رقم سمیت قرضوں کی معافی کے حوالے سے بھی اقوام متحدہ سمیت دیگر دوست ممالک نے بات کی ہے۔ اس سے پاکستان کی معیشت پر بہت زیادہ بوجھ نہیں پڑے گا امید ہے کہ اس حوالے سے آئی ایم ایف سمیت دیگر ادارے پاکستان کے ساتھ تعاون کرینگے۔ سب سے اہم بات اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی جانب سے ذاتی دلچسپی ہے جو پاکستان کے دورہ پر ہیں انہوں نے کھل کر پاکستان کے حالیہ مشکلات پر دنیا بھر کو اس پر کام کرنے کے حوالے سے اپیل کی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ عالمی درجہ حرارت بڑھانے میں پاکستان کا قصور نہیں لیکن پاکستان اس سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، دنیا آگے آئے اور پاکستان کی مدد کرے۔ انہوں نے کہا کہ گلوبل وارمنگ کا ذمے دار پاکستان نہیں لیکن دوسروں کی غلطی کی سزا پاکستان بھگت رہا ہے، تباہی کے ذمے دار ملکوں کی ذمے داری ہے کہ پاکستان میں بحالی کا کام کریں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے ایک بار پھر عالمی برادری کے نام پیغام میں کہا کہ میں ذمے دار ملکوں سے عملی طور پر پاکستان کی مدد کرنے کا کہہ رہا ہوں، اقوام متحدہ پاکستان کی آواز کے ساتھ آواز ملائے گا۔ انتونیو گوتریس نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو کے ہمراہ سندھ اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی جائزہ بھی لیا، اوستہ محمد میں خیمہ بستی اور ضلع لاڑکانہ کے امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور متاثرین کے مسائل سنے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ سیلاب سے پاکستان کا ابتدائی نقصان تیس ارب ڈالر سے زیادہ کا ہوگیا ہے اور یہ مسلسل بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ یکجہتی کا نہیں انصاف کا تقاضا ہے، عالمی برادری اپنی ذمہ داری پوری کرے خاص طور پر وہ ممالک جنہوں نے درجہ حرارت بڑھا کر زمین کو نقصان پہنچایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے فطرت کے خلاف جنگ کی، فطرت نے تباہ کن انداز میں پلٹ کر ہم پر وار کیا لیکن زیادہ نقصان اسے پہنچایا جس کا قصور نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جہاں پاکستان کھڑا ہے کل وہاں آپ کا ملک ہوسکتا ہے، ہمیں اسے روکنا ہوگا اور فوری روکنا ہوگا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے قرضوں کی واپسی میں پاکستان کی مدد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب سے پاکستان کا ابتدائی نقصان تیس ارب ڈالرز ہوچکا ہے، جو آگے جاکر مزید بڑھ سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل جس طرح سے سنجیدگی سے کے ساتھ پاکستان کے موجودہ مسائل اور آئندہ آنے والے چیلنجز کے متعلق بات کررہے ہیں اور ان سے نمٹنے کے متعلق اپنے ادارہ کا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرارہے ہیں یہ انتہائی خوش آئند بات ہے۔ اب پاکستان کی سیاسی قیادت کو بھی اپنے ملکی مسائل کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے ملک کے اندر موجود سیاسی عدم استحکام کو مزید بڑھانے کی بجائے اپنے لوگوں کو مشکل سے نکالنے کے لیے تمام تر توانائی صرف کریں، سیاست کے لیے بہت مواقع اور وقت موجود ہے لہٰذا اس طرح کے حالات میں سیاسی بیان بازی تک سے گریز کرنا چاہئے تاکہ عوام کے اندر بھی ان کا بہتر امیج جائے محض عالمی برادری، دوست ممالک، اقوام متحدہ، عالمی تنظیموں، فلاحی اداروں کی یہ ذمہ داری نہیں بلکہ سیاسی قیادت پر بہت بڑا فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اس مشکل وقت میں اپنے لوگوں کی مدد کریں۔ امید ہے کہ سیاسی قیادت بالغ نظری اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 11 SEP 2022 Page No.




قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی کا اوستہ محمد پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں



اوستہ محمد : وزیر اعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو وزیر اعظم شہباز شریف کا استقبال کر رہے ہیں



وزیر اعظم شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس اوستہ محمد کا دورہ کر رہے ہیں



اوستہ محمد: وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے آواران کا وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 11 SEP 2022 Page No.

Bullet No.



کوئٹہ: وزیراعظم اور سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کو چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بریفنگ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



اوستہ محمد: وزیراعظم شہباز شریف اور سیکرٹری جنرل یو این او انتونیو گوتریس کو چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سیلاب متاثرین کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو بھی موجود ہیں

Century Express Quetta



وزیراعلیٰ قدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی ملاقات کر رہے ہیں

AZADI QUETTA



وزیراعظم شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو چیف سیکرٹری بلوچستان بارشوں اور سیلاب کے بعد صوبہ میں امداد اور بحالی کی کوششوں سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی ملاقات کر رہے ہیں

Baakhabar Quetta



کوئٹہ: وزیراعلیٰ قدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی ملاقات کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کا اوستہ محمد پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No.______ Dated: 11 SEP 2022 Page No.______



Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo in a meeting with Chief Secretary Balochistan Abdul Aziz Aquili.